سوال

(507) بلاعذر کھڑے ہو کر پیشاب کرنا جائز ہے یا ناجائز؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بلاعذر کھڑے ہو کر پیشاب کرنا جائز ہے یا ناجائز؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اگر پیشاب کی چھینٹوں سے بچتے ہوئے کھڑے ہو کر پیشاب کیا جائے تو جائز ہے، حدیث شریف میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خود کھڑے ہو کر پیشاب کیا ہے اکثر محدثین اس کے قائل ہیں ملاحظہ ہو ترمذی شریف و دیگر کتب شروح حدیث۔ (حضرت العلام مولانا محمد یونس صاحب دہلوی)
(الجواب صحیح: علی محمد سعیدی جامعہ سعیدیہ خانیوال مغربی پاکستان، اہل حدیث گزٹ دہلی جلد نمبر۸، شمارہ نمبر ۲۱)

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الطہارۃ جلد 1 ص 44

محدث فتویٰ